اسلام آباد(   ) سپریم کورٹ کی ہدایت پر ضابطہ اخلاق کے بارے میں قائم کی گئی حکومتی کمیٹی اور پی ۔بی۔اے (پاکستان براڈ کاسٹرز ایسوسی ایشن) کے درمیان مذاکراتی اجلاس آج وزیر اعظم آفس میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے قومی امور عرفان صدیقی کے دفتر میں منعقد ہوا۔اجلاس میں حکومتی کمیٹی کے سربراہ عرفان صدیقی کے علاوہ وزیر اعظم کے معاونین خصوصی بیرسٹر ظفر اللہ خان، اشتر اوصاف علی ایڈووکیٹ، سیکریٹری اطلاعات محمد اعظم اور سیکریٹری قانون جسٹس (ر) رضا خان نے شرکت کی۔ پی ۔بی۔اے کی نمائندگی تنظیم کے چیئرمین میر ابراہیم رحمان، سینئر وائس چیئرمین میاں عامر محمود اور جوائنٹ سیکریٹری شکیل مسعود نے کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے حکومتی کمیٹی کے چیئرمین عرفان صدیقی نے کہا کہ حکومت میڈیا کی آزادی پر کامل یقین رکھتی ہے اور ایک ایسا ماحول چاہتی ہے جس میں قومی سلامتی، تہذیبی اقدار اور ملکی تقاضوں کے حوالے سے ذمہ دار میڈیا فروغ پائے۔ پی۔بی۔اے کے چیئرمین میر ابراہیم نے کہا کہ ہمیں ضابطہ اخلاق کی اہمیت کا احساس ہے اور اس سلسلے میں ہم حکومت کے ساتھ کھلے دل سے مشاورت کریں گے لیکن اس ضابطے پر موثر عمل درآمد کے لئے ایک نیا میکانزم بھی بنا چاہیے۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ حکومت صرف نیا ضابطہ اخلاق بنانے کے بجائے پیمرا کے نظام پر بھی نظر ثانی کرے اور میڈیا کمشن کی رپورٹ کی روشنی میں تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایک نیا میکانزم بھی وضع کرے۔ حکومتی کمیٹی نے میکانزم وضع کرنے کی تجویز سے اتفاق کیا۔ دونوں کمیٹیوں کا اگلا اجلاس 11 جون کو اسلام آباد میں ہوگا۔

☆☆☆